الحکم للہ والملک للہ

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۸ شوال سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۵ جون سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	برخاستگی سپرنٹنڈنٹ ومستری سابق وتقرر عزیز اسعد خاں سب اوورسیر وعبد اللطیف مستری	۱ و ۲
۲	استعفا پیارے لال کلرک وتقرر غلام ناصر خاں۔	۲
۳	رخصت ڈاکٹر نانو صاحب جیلخانہ افسر۔	〃
۴	رخصت عبادت علی خاں محرر رجسٹری	〃
۵	بابت امتناع ترسیل تخمینہ جات جنگل وباڑ مستقل افسر	〃
۶	رخصت عبد الخالق خاں پیشکار	〃
۷	رخصت شیام لال منصرم رجسٹری	〃
۸	نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

برخاستگی وتقرر

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت۔ رام سروپ سپرنٹنڈنٹ سابق وعبد الرحمن مستری سابق بوجہ عدم اہلیت خدمات وبے اعتباری برخاست ہوئے۔ بجائے انکے عزیز اسعد خاں سب اوورسیر بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار وعبد اللطیف مستری بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار مقرر کئے گئے عزیز اسعد خاں علاوہ کار سپرنٹنڈنٹی فیکٹری کی عمارت کی نگرانی مرمت وغیرہ کا کام بھی کرینگے۔

استعفا و تقرر

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و صنعت و حرفت منشی پیارے لال کلرک محکمۂ انہار مشاہرہ داری بیس روپیہ ماہوار کا استعفا منظور ہوا اور بجائے اُنکے منشی غلام ناصر خان ایف۔ اے۔ و منشی فاضل کا تقرر بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار یکم جون سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۷ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ ڈاکٹر ناٹو صاحب جیلخانہ افسر کی رعایتی رخصت بیس روز بضرورت شادی دختر ڈاکٹر موصوف منظور فرمائی گئی ایام رخصت میں رامیشر شنکر انریری ڈاکٹر جیلخانہ افسری کی خدمات انجام دینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۷ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات پیش ہوئے۔ عبادت اللہ خان محرر رجسٹر صدر کی رخصت ایک ماہ کی بعوض فضل الرحمن خان پاس یافتہ درجۂ منشی کی منظور کیجائے۔ روز روانگی رخصت شمار ہوگی۔ اور سند پیش کردہ فضل الرحمن خان حسب ضابطہ واپس کیجائے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و صنعت و حرفت

واقع ۲۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

جو تخمینہ جات ہمارے سامنے منظوری کے لئے آتے ہیں اُن سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس کام کے بنانے کا خیال کیسے پیدا ہوا کسنے اسکی سفارش کی۔ اسکے کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اور اسکے بنجانے سے کیا نفع ہوگا۔ یہ بھی مفصل نہیں معلوم ہوتا کہ کسی بااختیار افسر نے موقع وغیرہ ملاحظہ کرلیا ہے۔ یا تخمینہ کو نظر غور سے دیکھ لیا ہے یا نہیں۔ ان تمام امور پر جبتک ہم غور نہ کرلیں تخمینوں کا منظور کرنا یا کرانا ہمارے واسطے دشوار ہوجاتا ہے۔ نظر بران

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا خدمت میں افسر صاحبان انچارج محکمہ جات پی ڈبلیو ڈی فیکٹری و انہار مرسل ہوکر تاکید کیا جاتا ہے کہ براہ نوازش آئندہ کوئی تخمینہ بغیر اس مفصل رپورٹ کے نہ بھیجا کریں یہ رپورٹ ایک علیحدہ کاغذ پر تخمینہ کے ساتھ ساتھ لگی ہوئی اور بھیجنے والے افسر کے دستخط سے مزین ہو۔ بغیر اس رپورٹ کے ۵ جون سنہ ۱۹۲۲ء کے بعد ہمارا دفتر کوئی تخمینہ قبول نہیں کریگا۔ اور فضول تحریرات میں وقت ضائع ہونے کی ذمہ داری افسر ارسال کنندہ پر عائد ہوگی۔ یہ روبکار درج گزٹ کیا جائے۔ اور ایک نقل اسکی محکمہ فائننس کو بھیجی جائے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

رخصت

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ منیجر صاحب انہار۔ عبدالخالق خان پیشکار کی رعایتی رخصت دس یوم۔ اور بیس یوم بوضع تنخواہ ۶ جون سے ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء تک منظور ہوئی ایام رخصت پیشکار مذکور میں احمد شاہ خان تجویز منیجر صاحب کام کرینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج۔ مزید رخصت دو ماہ شیام لال منصرم رجسٹری کی بوجہ علالت ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۲ء سے بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی۔ رخصتی کا کام رام سروپ۔ احمد نبی خان۔ سید فخرالدین محرران انجام دینگے اور بقیہ نصف تنخواہ رخصتی سے ایک ایک روپیہ ماہوار پائینگے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۶ مئی لغایت ۳ جون

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	٠	۱۰٫۵ ار	۱۰٫۵ ار	٠	٠	۱۰٫۵ ار	حضور تحصیل بلاسپور سوار سے ٹانڈہ
نخود خالص	٠	۸ ار	۱۰٫۷ ار	٠	٠	۷ ار	
نخود کسہ آمیز	٠	۹ ار	۹ ار	٠	٠	۱۰٫۷ ار	
کسہ	٠	٠	۹½ ار	٠	٠	۱۰٫۸ ار	
ماش	٠	۶ ار	۵ ار	٠	٠	۷ ار	
مونگ	٠	٠	٠	٠	٠	۵ ار	
مکا	٠	٠	٠	٠	٠	[illegible]	
چنی	٠	٠	۱۱ ار	٠	٠	۱۰٫۹ ار	
کوچنی	٠	۱۲ ار	۱۰٫۸ ار	٠	٠	۷ ار	
مسور	٠	٠	۹ ار	٠	٠	۸ ار	
ارہر	٠	۱۰ ار	۱۰ ار		٠	۱۰٫۹ ار	
برنج		۳ ار	[illegible]	٠		۳ ار	
روغن زرد	٠	[illegible]	[illegible]	٠		[illegible]	
روغن سیاہ	٠	۱ ار	۱۰٫۱ ار	٠		۱۰٫۱ ار	
روغن کنجد	٠	۲ ار	٠	٠	٠	[illegible]	
نمک سانبھر	٠	۱۰ ار	[illegible]	٠	٠	۱۰ ار	
نمک لاہوری	٠	۶ ار	۶ ار	٠	٠	۸ ار	
قند سیاہ	٠	[illegible]	۲ ار	٠	٠	۳ ار	
باجرہ	٠	٠	٠	٠	٠	٠	